Ref. 20-6572H. Letter to Parents.Urdu

تاریخ 08 اکتوبر 2020

آپ کا ریفرنس

ہمارا ریفرنس S&LL/AG/JR

ڈیر والدین/دیکھ بھال کرنے والے،

ہماری سکول کی اکتوبر کی چھٹیوں سے قبل جو کہ ایک ہفتے کے بعد شروع ہونے والی ہیں، میں آپ کا اور اپنے بچوں اور نوجوانوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے اِس ٹرم میں صبر و تحمل اور سمجھ بوجھ کا مظاہرہ کیا ہے، یہ واقعی قابلِ تعریف رہا ہے کہ سارے شہر میں سکول کمیونٹیز نے کتنے اچھے طریقے سے خود کو نئے انتظامات کے مطابق ڈھالا ہے۔

آپ کو اِس بات کا علم ہو گا کہ چند ایسے کیسز ہوئے ہیں جب بچوں، نوجوانوں اور عملے کے کورونا وائرس کے ٹیسٹ مثبت آئے ہیں اور ہم نے صحت سے متعلق رہنماء اصولوں پر عملدرآمد جاری رکھا ہے، میں آپ کے تعاون کرنے پر شکر گزار ہوں کہ آپ نے اپنے بچوں کو گھر پر علیحدہ رکھا جیسا کہ ہیلتھ پروٹیکشن لودین نے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔

جیسے کہ اَب سردیوں کا موسم شروع ہونے والا ہے، یہ نہایت ضروری ہو گا کہ ہم طالبعلموں اور عملے کو محفوظ تر رکھنے کیلیئے ممکنہ انتظامات کو جاری رکھیں اور اپنے سکولوں کو کھلا رکھیں۔ چہرے کو ڈھانپنا (ماسک پہننا) اور ہاتھ دھونا اہم اقدامات ہیں جن سے اِس وائرس کا پھیلاؤ کم ہوتا ہے اور اِس کے ساتھ ساتھ جہاں تک ممکن ہو سکے جسمانی طور پر فاصلہ رکھنا بھی ضروری ہے۔

ہیڈ ٹیچر ز نے مثبت الفاظ استعمال کرتے ہوئے کہا ہے کہ والدین نے سکول میں داخل ہونے کی جگہوں پر اکٹھا کھڑے ہونے سے گریز کیا ہے اور ہم فیمیلیز اور اور دیکھ بھال کرنے والوں کی جانب سے کی گئی تمام کوششوں کی قدر کرتے ہیں۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں، کہ ہم اپنے سیکنڈری سکولوں میں اپنے طالبعلموں سے یہ توقع کرتے ہیں کہ وہ چہرے کو ڈھانپنے کیلیئے ماسک وغیرہ پہنیں اور اِس سلسلے میں تعاون کرنے پر بہت زیادہ قدر افزائی کی جاتی ہے۔ وہ لوگ جو اپنی صحت سے متعلقہ وجوہات کی بناء پر اِس بات پر عمل نہیں کر سکتے، سکولوں نے اُن کو غیر ضروری شرمندگی سے بچانے کے انتظامات کر رکھے ہیں۔

سکولوں نے خاص طور اِس بات کی قدر کی ہے کہ والدین سکول کو بتائیں جب وہ اپنے بچے کو کووڈ۔19 کے ٹیسٹ کیلیئے لے کر جا رہے ہوں۔ اِس طرح سکول کو مدد ملتی ہے کہ وہ ابتدائی انتظامات کر لیں اگر ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے۔ یہ نہایت ضروری ہے کہ آپ جس قدر جلد ممکن ہو سکے اپنے سکول کو اطلاع دیں جب آپ کو نتیجہ وصول ہو جائے خواہ وہ مثبت ہو یا منفی۔ اگر آپ کو سکول کے بعد کے اوقات میں ٹیسٹ کا نتیجہ وصول ہوتا ہے تو برائے مہربانی اِس نمبر 0131 200 2000 پر رابطہ کریں۔

فرسٹ منسٹر کی جانب سے والدین کو کی گئی درخواست کی تائید کرتے ہوئے میں اُس کا پیغام دُہرانا چاہوں گا کہ ٹرم کے درمیان میں آنے والی اِن چھٹیوں میں ملک سے باہر جانے سے گریز کریں کیونکہ سکولوں میں ہمیشہ عملہ دستیاب نہیں ہو سکتا جو اُن طالبعلموں کی مدد کر سکے جن کا کورنٹین (قرنطینہ یعنی الگ رہنا) میں رہنا ضروری ہو۔

آخر میں، چونکہ ہمارے سکول اکتوبر کی بریک کے بعد دوبارہ کھل جائیں گے، ہم اِس بات کی یقین دہانی کے عمل کو جاری رکھیں گے کہ ہر سکول میں تعلیم کیلیئے ممکنہ محفوظ تر ماحول مہیا کیا جائے۔ اِس سلسلے میں کلاس رومز کو مناسب طور پر ہوادار رکھنے کی ضرورت ہو گی اور جبکہ سکولوں میں ہیٹنگ کے نظام کو مکمل طور پر استعمال کیا جائے گا، یہ عقلمندی ہو گی کہ بچوں کو اضافی کپڑے پہنا کر سکول بھیجا جائے۔

میں اپنے تمام بچوں اور نوجوانوں کیلیئے خوشیوں بھری چھٹیوں کی تمنا کرتا ہوں اور اِس مشکل وقت کے دوران آپ کی جانب سے مسلسل ملنے والی مدد اور تعاون کیلیئے میں ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

.

Andy Gray (اینڈی گرے)

Chief Education Officer (چیف ایجوکیشن آفیسر)